اکٹھی تین طلاق کا حکم

ہمارے فاضل دوست مولانا عبداللطیف مسعود نے اس رسالہ میں ایک مجلس میں دی گئی تین طلاقوں کے تین ہی شمار ہونے کے بارے میں جمہور فقہا کے موقف کی وضاحت کی ہے اور اس سلسلہ میں فریق مخالف کے دلائل کا جواب دیا ہے۔ یہ رسالہ مولانا حافظ محمد افضل شاکر جامع مسجد وھاب ڈسکہ ضلع سیالکوٹ نے شائع کیا ہے اور اس کی قیمت دس روپے ہے۔

مناقب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

ماہنامہ الہلال مانچسٹر کے مدیر مولانا حافظ محمد اقبال رنگونی نے حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مناقب و فضائل کے بارے میں شاہ اسماعیل شہید' مولانا ابوالکلام آزاد' مولانا قاری محمد طیب' مولانا مفتی محمد شفیع' مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی اور دیگر سرکردہ اصحاب علم کے مضامین و ارشادات کا ایک حسین انتخاب پیش کیا ہے۔ سوا دو سو صفحات پر مشتمل اس مجموعہ کی قیمت چھیاسٹھ روپے ہے اور اسلامک اکیڈمی مانچسٹر (یو کے) کے علاوہ جناب حافظ نور محمد انور مکتبہ الفاروق سلطان پورہ لاہور سے بھی یہ کتاب طلب کی جا سکتی ہے۔

گستاخ دین صحافی

آزاد خیال صحافی جناب عبداللہ ملک نے "حدیث دل" کے عنوان سے اپنے حج کا سفرنامہ لکھا ہے' جو ان کے مخصوص خیالات اور افتاد طبع کی عکاسی کرتا ہے۔ جناب محمود الرشید حدوٹی نے زیر نظر مضمون میں اس سفرنامے کا ناقدانہ جائزہ لیا ہے۔ ۳۲ صفحات پر مشتمل اس پمفلٹ پر قیمت درج نہیں اور رابطہ کے لیے مسجد ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ شالامار باغ لاہور کا پتہ درج ہے۔

دیسی گھی کی عمدہ مٹھائیوں کا مرکز

لطیف سویٹ شاپ

پروپرائیٹر: قاری محمد سلیم۔ بازار تھانے والا گوجرانوالہ